# 22373 - بلیاں پالنے کا حکم

**سوال**

مجھے یہ تو علم ہے کہ اسلام بلیوں کو پاکیزہ اور طاہر حیوانات کی نظر سے دیکھتا ہے، لیکن مجھے یہ علم نہیں کہ اسے مانوس حیوانات کی طرح گھر میں رکھنے کا حکم کیا ہے.
میرے پاس بلیوں کی مخالفت میں کوئی دلیل تو نہیں، لیکن میں یہ محسوس کرتی ہوں کہ اسے گھر میں رہنے دینا کہ وہ کچن اور کمروں وغیرہ میں گھومتی پھرے، یہ صحیح نہیں ؟
آپ اس سلسلہ میں معلومات فراہم کریں.

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

انسان کے لیے شرعی طور پر جائز ہے کہ وہ مباح اشیاء کو اپنی ملکیت بنا سکتا ہے، جو کسی نے بھی ملکیت میں نہ لی ہوں، مثلا صحرا سے ایندھن اکٹھا کرنا، یا جنگل سے لکڑیاں لینا، اور اسی طرح بلیاں پکڑ کر ان کو پالنا اور تربیت کرنا، اور مباح چیز پر ہاتھ رکھنے، یا اس پر فعلی غلبا حاصل کرنے سے مباح چیز کی ملکیت حاصل ہو جاتی ہے، جب کہ وہ کسی کی ملکیت نہ ہو.

اوپر جو کچھ بیان ہوا ہے اس کی بنا جو بلیاں کسی کی ملکیت نہ ہوں انہیں رکھنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ انسان انہیں کھانے پینے کو دے، اور انہیں تکلیف مت دے، لیکن جب یہ ثابت ہو جائے وہ بلی نقصان دہ ہے مثلا وہ بیمار ہو، یا یہ خدشہ ہو کہ اس کی بنا پر کسی کو کوئی بیماری منتقل ہو جائیگی، اس کا ثبوت ہونے پر اسے نہیں رکھنا چاہیے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" نہ تو اپنا نقصان کرو، اور نہ ہی کسی کو نقصان دو "

تو جسے بلی کے وجود سے نقصان اور ضرر پہنچتا ہو اسے بلی نہیں رکھنی چاہیے، اور اسی طرح جو اسے کھلانے اور پلانے کی استطاعت نہ رکھے تو وہ بھی اسے چھوڑ دے تا کہ وہ زمین کے کیڑے مکوڑے کھا کر گزر بسر کر لے، اور وہ اسے اپنے گھر میں محبوس نہ کرے.

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے حدیث ثابت ہے کہ رسول کریم صلی

الله عليه وسلم نے فرمايا:

" ايك عورت كو بلى كى بنا پر عذاب ديا گيا، اس عورت نے بلى كو باندھ ديا حتى كہ وہ مر گئى وہ اسے نہ تو كھانے كے ليے كچھ ديتى اور نہ ہى پينے كے ليے، اور نہ ہى اسے چھوڑا كہ وہ زمين كے كيڑے مكوڑے كھائے، تو وہ عورت بلى كى وجہ سے آگ ميں داخل ہو گئى "

صحيح بخارى حديث نمبر ( 3223 ) صحيح مسلم حديث نمبر ( 1507 ).

مزيد تفصيل اور معلومات كے ليے آپ سوال نمبر ( 3004 ) كے جواب كا مطالعہ كريں.

اور بلى اگر كھانے ميں سے كچھ كھا جائے، يا پانى پى جائے تو وہ پليد اور نجس نہيں ہو جاتا، كيونكہ ابوداود وغيرہ ميں حديث ہے:

ايك عورت نے عائشہ رضى اللہ تعالى عنہا كو ہريسہ بھيجا تو وہ نماز پڑھ رہى تھيں، انہوں نے نماز ميں ہى اشارہ كيا كہ وہ اسے ركھ دے، تو بلى آئى اور آكر اس ميں سے كھا گئى، عائشہ رضى اللہ تعالى عنہا نے نماز كے بعد اسى جگہ سے ہريسہ كھايا جہاں سے بلى نے كھايا تھا، اور فرمايا: بلا شبہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" يہ ( بلى ) پليد اور نجس نہيں، بلكہ يہ تو تم پر آنے جانے والياں ہيں"

عائشہ رضى اللہ تعالى عنہا بيان كرتى ہيں: ميں نے رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كو بلى كے بچے ہوئے پانى سے وضوء كرتے ہوئے ديكھا "

سنن ابو داود حديث نمبر ( 69 ).

اور ايك روايت ميں ہے:

كبشہ بنت كعب بن مالك جو كہ ابن ابى قتادہ كى بيوى ہيں وہ بيان كرتى ہيں كہ ابو قتادہ رضى اللہ تعالى عنہ ہمارے گھر آئے تو ميں نے ان كے وضوء كے ليے پانى برتن ميں ڈالا تو بلى آئى اور اس سے پينے لگى، تو انہوں نے اس كے ليے برتن ٹيڑھا كر ديا حتى كہ اس نے پانى پى ليا.

كبشہ بيان كرتى ہيں كہ انہوں نے مجھے ديكھا كہ ميں ان كى طرف ديكھے جارہى ہوں تو وہ فرمانے لگے:

ميرى بھتيجى كيا تم تعجب كر رہى ہو ؟

تو ميں نے جواب ديا: جى ہاں.

تو وہ کہنے لگے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

" یہ نجس اور پلید نہیں، بلکہ یہ تو تم پر گھومنے پھرنے والیاں ہیں "

سنن ابو داود حدیث نمبر ( 68 ).

ان دونوں روایتوں کو امام بخاری اور دار قطنی وغیرہ نے صحیح کہا ہے.

دیکھیں: التلخیص ابن حجر ( 1 / 15 ).

قولہ: " تم پر آنے جانے اور گھومنے پھرنے والیاں ہیں "

اس کا معنی یہ ہے کہ یہ خادموں کے مشابہ ہیں، جو تمہاری خدمت کرتے ہیں، اور وہ لوگوں کے ساتھ ہی ان کے گھروں میں رہتے ہیں، اور ان کے برتنوں اور سامان کے پاس ہوتے ہیں، اس سے ان کا بچنا ممکن نہیں.

اس لیے جب کوئی بلی کسی برتن سے پی جائے، یا کچھ کھا جائے تو وہ نجس اور پلید نہیں ہو جاتا، اس کے مالك کو اختیار ہے کہ اگر اس کا دل چاہے اور اسے ضرورت ہو تو وہ اسے کھا اور پی سکتا ہے، کیونکہ وہ پاك اور طاہر ہے، لیکن اگر اس کا ضرر اور نقصان ثابت ہو جائے تو پھر نہیں، اور اگر اس کا دل نہ چاہے تو وہ اسے نہ کھائے اور پیئے اور چھوڑ دے.

لیکن یہاں ایك چیز کی تنبیہ کرنا ضروری ہے کہ بعض لوگ بلیوں کا بہت زیادہ خیال رکھتے ہیں، اور انہیں خوبصورت بنانے میں مبالغہ کرتے ہیں، اور ان پر بہت زیادہ مال خرچ کرتے ہیں جو کہ عقل کی کمزوری اور ضعف، اور رقت دین، اور آسائش میں مبالغہ پر دلالت کرتا ہے.

حالانکہ زمین کے مشرق و مغرب میں لاکھوں مسلمان ضرورتمند اور محتاج پائے جاتے ہیں، ہم مسلمانوں کے لیے تو بہت اونچے مقاصد ہیں جو ہمارا وقت لیں، اور اسے نفع مند کام سے بھر دیں، اور اس فضول اور بے فائدہ کام سے دور رہیں جو یورپ اور کفار سے ہمارے اندر سرایت کر گیا ہے جو کہ کتے اور بلیوں پر اپنی اولاد سے بھی زیادہ خرچ کرتے ہیں، چہ جائیکہ وہ کسی محتاج اور ضرورتمند پر خرچ کریں.

بلکہ وہ تو اسے کسی فائیوسٹار ہوٹل میں رکھتے، اور لمبا چوڑا مال ان کو وراثت میں دیتے ہیں، الحمد للہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں اسلام سے نوازا اور عزت وتکریم دی، اور ہمیں باقی ساری امتوں پر امتیاز عطا فرمایا.

اسی طرح اس پر بھی متنبہ رہنا چاہیے کہ شریعت اسلامیہ میں بلیوں کی خرید و فروخت منع ہے.

صحیح مسلم میں ابو زبیر رحمہ اللہ سے حدیث مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے کتے اور بلی کی قیمت کے متعلق دریافت کیا تو وہ کہنے لگے:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے ڈانٹا ہے "

صحیح مسلم حدیث نمبر ( 2933 ).

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 7004 ) اور ( 10207 ) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم .